آپ جمعیت علماء اسلام کے مختلف دور دراز علاقوں میں منعقد جلسوں میں شرکت کیلئے تشریف لے گئے تھے۔ اس سے قبل بھی جناب فاروق خان لغاری صاحب دار العلوم بحیثیت صدر پاکستان تشریف لا چکے ہیں۔ انہیں دار العلوم اور حضرت مہتمم صاحب مد ظلہ کیساتھ خصوصی تعلق اور علاقہ ہے۔

<u>سپاہ صحابہ کے جرنیل جناب مولانا اعظم طارق مد ظلہ کی دار العلوم میں آمد</u> 16 اگست کو مولانا اعظم طارق صاحب دار العلوم میں اپنے ساتھیوں اور پارٹی لیڈروں سمیت تشریف لائے۔ مولانا کا رہائی کے بعد صوبہ سرحد کا یہ پہلا دورہ تھا۔ اور انہوں نے اپنے کارکنوں سمیت دار العلوم کی جامع مسجد میں نماز ظہر پڑھی اور خطاب بھی فرمایا بعد میں آپ نے عصرانے میں شرکت کی اور طلباء و علماء سے تفصیلی تبادلہ خیال فرمایا۔

<u>بین الاقوامی ذرائع ابلاغ کی ایجنسیوں کے نمائندوں کی دار العلوم میں آمد</u> گزشتہ دنوں دار العلوم کو مختلف عالمی پریس ایجنسیوں کے نمائندے حضرت مہتمم صاحب مد ظلہ سے ملاقات کے لئے دار العلوم تشریف لائے اور انہوں نے ان کی رہائش گاہ پر حضرت مولانا صاحب مد ظلہ سے تفصیلی انٹرویو ریکارڈ کیے ان میں سر فہرست عالمی نیوز ایجنسی "رائٹر" کے نمائندے تھے۔ اسی طرح بین الاقوامی قدیم ترین نیوز ایجنسی ایسوسیئٹ (Associated Press) بیورو چیف مشہور و معروف صحافیہ Kathy Gannon بھی پاکستانی صحافیوں کیساتھ تشریف لائی تھیں۔ ان تمام نمائندوں نے حضرت مہتمم مد ظلہ کے ساتھ پاکستان اور افغانستان کی سیاسی صورت حال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اور جمعیت علماء اسلام کے امریکہ کے خلاف بڑھتے ہوئے دباؤ کے بارے میں کئی سوالات کئے ۔ اور تحریک طالبان اور عظیم ہیرو اسامہ بن لادن کے بارے میں انہوں نے کافی جان کاری کی۔ حضرت مہتمم مد ظلہ صاحب نے انہیں تفصیل کے ساتھ امریکہ کی متوقع جارحیت اور عالمی قوتوں کی طالبان کش سرگرمیوں اور اسامہ بن لادن کے مبنی پر حق موقف کے بارے میں انہیں آگاہ کیا۔ اور پاکستانی حکمرانوں کے سیاہ کرتوتوں پر سے پردہ اٹھایا۔

☆ ☆ ☆ ☆